## قائدتحریک الطاف حسین کی تجویز کی روشنی میں بلدیاتی نظام کے بارے میں کوئی بھی حتمی فیصلہ کرنے سے قبل ملک بھر کے ناظمین کا مؤقف ضرور سنا جائے۔صدر آصف زرداری اوروزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کی اپیل

## بلدیاتی نظام کے بارے میں جو فیصلہ بلدیاتی نمائندوں اورعوام کی خواہشات اورامنگوں کے مطابق کیا جائے گا اسکے انتہائی مثبت اثرات مرتب ہوں گے

## بلدیاتی نظام کے بارے میں قائدتحریک الطاف حسین کے خیالات ملک بھر کے بلدیاتی نمائندوں اورعوام کی آواز ہیں۔رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔15 اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہاہے کہ بلدیاتی نظام کے بارے میں قائدتحریک الطاف حسین کے خیالات پورے ملک کے منتخب بلدیاتی نمائندوں اورعوام کی آواز ہیں۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے صدرمملکت آصف علی زرداری اوروزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے پرزوراپیل کی کہ وہ قائدتحریک الطاف حسین کی تجویز کی روشنی میں بلدیاتی نظام کے بارے میں کوئی بھی حتمی فیصلہ کرنے سے قبل ملک کے چاروں صوبوں کے تمام سٹی ناظمین،ضلعی ناظمین،ٹاؤن ناظمین،تعلقہ ناظمین،تحصیل ناظمین،یوسی ناظمین اورتمام کونسلروں کو بلاکرایک مرتبہ ان کا مؤقف ضرورسن لیں کہ موجودہ بلدیاتی نظام کے بارے میں ملک بھر کے یہ بلدیاتی نمائندے اورعوام کیا سوچتے ہیں،ان کی خواہشات اورامنگیں کیا ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ موجودہ بلدیاتی نظام کوختم کرنے کی باتوں سے ملک بھر کے منتخب ناظمین،کونسلروں اورعوام میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بلدیاتی نظام کے بارے میں جو فیصلہ بلدیاتی نمائندوں اورعوام کی خواہشات اورامنگوں کے مطابق کیا جائے گا اس کے انتہائی مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن اورایم کیوایم کے تحت کراچی کے چارعلاقوں میں طبی وبلڈ کیمپوں کا قیام

## کھجّی گراؤنڈ کے طبی کیمپ پرالٹرا ساؤنڈ،ای سی جی،ایکسرے اور لیبارٹری کی اضافی سہولیات فراہم کی گئیں

کراچی۔۔۔16،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن اورایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں پندرہ روزہ طبّی امدادی اور بلڈ کیمپوں کے انعقاد کی مہم جاری ہے اورشہر کے مختلف علاقوں میں اب تک اس سلسلے کے 16 طبی امدادی اور بلڈ کیمپوں کا انعقاد کیا جاچکا ہے جن سے مجموعی طور پر ہزاروں افراد مستفید ہوچکے ہیں۔اتوار کے روزشہر کے 4 مختلف علاقوں میں مزید 4 طبی امدادی اور بلڈ کیمپوں کا انعقاد کیا گیا جو ناظم آباد کھجّی گراؤنڈ،بلدیہ ٹاؤن نزد مونوٹیکنکل،سوسائٹی میں مہران کلینک سندھی مسلم ہاؤسنگ سوسائٹی اورشاہ فیصل کالونی میں شاہ فیصل نمبر2 کے علاقوں میں لگائے گئے جبکہ ناظم آباد گلبہار کے کھجّی گراؤنڈ میں لگائے گئے طبی امدادی اور بلڈ کیمپ میں الٹراساؤنڈ،ای سی جی،ایکسرے اور لیبارٹری کی اضافی سہولیات بھی موجود تھیں۔طبی امدادی کیمپوں پر اتوار کے روز بھی خواتین،بزرگ،نوجوانوں اوربچوں کا رش دکھائی دیا جو صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک جاری رہا اس دوران ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کی خواتین اورمرد ڈاکٹروں نے مریضوں کا تفصیلی معائنہ کیا اورانہیں بھاری مالیت کی ادویات بھی مفت فراہم کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر نصرت،حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان اورحق پرست رکن سندھ اسمبلی ریحان ظفر نے ناظم آباد کھجّی گراؤنڈ پر قائم کئے گئے طبی امدادی اور بلڈ کیمپ کا دورہ کیا اورطبی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا۔اس موقع پر ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے انچارج واراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔انہوں نے طبی امدادی کیمپ پر خدمات انجام دینے والے ڈاکٹروں اورپیرامیڈیکل اسٹاف کے اراکین کو قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔اس موقع پر بلڈ کیمپوں پرایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدردوں کی بڑی تعداد نے بلڈ کیمپوں پر پہنچ کرخون کے عطیات بھی دیئے۔

## ایم کیوایم کی سیاست کا مقصد اقتدار کا حصول نہیں بلکہ عوام کی عملی خدمت ہے،صلاح الدین گلگتی

### گلگت کے علاقے استور میں کارکنان کے اجلاس سے خطاب

گلگت۔۔۔16،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج صلاح الدین گلگتی نے کہا ہے کہ قائدتحریک الطاف حسین کا فکروفلسفہ ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کیلئے مشعل راہ ہے اور ایم کیوایم ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ اوروڈیرانہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گلگت کے علاقے استور میں ایم کیوایم گلگت بلتستان کے ذمہ داران اور کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس سے ایم کیوایم گلگت بلتستان کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان سفرعلی،نصرت حسین،ایم کیوایم استوریونٹ کے انچارج منظور حسین اور کمیٹی کے رکن ظفرعباس نے بھی خطاب کیا۔قبل ازیں صلاح الدین گلگتی نے قصبہ استور کے قلب علی چوک ایم کیوایم کے ضلعی دفتر کا افتتاح کیا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صلاح الدین گلگتی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک بھر کے مظلوم عوام کی نمائندہ جماعت ہے اور فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف عملی جدوجہد کررہی ہے اور انشاءاللہ ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد کامیابی سے ہمکنار ہوگی اور ملک بھر میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی قائم ہوگی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی سیاست کا مقصد اقتدار کا حصول نہیں بلکہ عوام کی عملی خدمت ہے اور ایم کیوایم کے حق پرست نمائندے اسی جذبہ کے تحت عوام کی عملی خدمت میں مصروف ہیں۔انہوں نے ایم کیوایم کے تمام کارکنان پرزوردیا کہ وہ قائدتحریک الطاف حسین کے حق پرستانہ فکروفلسفہ کو گلگت بلتستان میں پھیلائیں اور تنظیمی لٹریچر کا بغور مطالعہ کریں۔

## نام نہاد پیپلزامن کمیٹی کے دہشت گردوں خلاف قانونی کارروائی کی جائے،فرخ اعظم

### بلدیہ ٹاؤن میں تین بلوچ نوجوانوں کے قتل میں نام نہاد پیپلزامن کمیٹی کے دہشتگرد ملوث ہیں

### جرائم پیشہ عناصر نے لیاری کے عوام کی زندگی اجیرن کررکھی ہے

کراچی۔۔۔16/اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم اور دیگر ارکان نے کہا ہے کہ رحمان ڈکیٹ کے جنازے کے دوران فائرنگ کے واقعہ اور تین بلوچ نوجوانوں کے قتل میں نام نہاد پیپلزامن کمیٹی کے دہشت گرد ملوث ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی بالخصوص لیاری کے عوام اس حقیقت سے واقف ہیں کہ لیاری میں گینگ وار کے مرکزی کردار رحمان ڈکیت،قتل،اغواء برائے تاوان،منشیات فروشی اور سنگین جرائم کی دیگر وارداتوں میں ملوث تھا۔رحمان ڈکیٹ نے نام نہاد پیپلزامن کمیٹیاں بنا کر لیاری کے عوام کی زندگی اجیرن کررکھی تھی یہی وجہ ہے کہ پیپلزامن کمیٹیوں کے جرائم پیشہ عناصر کے ہاتھوں لیاری کے عوام کا امن وسکون غارت تھا اور وہ زندگی کی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔انہوں نے کہا کہ رحمان ڈکیٹ کے جنازے کے دوران بلدیہ ٹاؤن میں پیپلزامن کمیٹی کے دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم کے کارکن اور تین بلوچ نوجوانوں کو شہید کردیا تھا لیکن پیپلزامن کمیٹی کے دہشت گرد اس المناک واقعہ کی ذمہ داری ایم کیوایم پر عائد کرکے اپنے گھناؤنے کرتوتوں پر پردہ ڈالنے کی کوشش کررہے ہیں۔فرخ اعظم اور کے ایم اوسی کے دیگر ارکان نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد،اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علیشاہ سے مطالبہ کیا کہ نام نہاد پیپلزامن کمیٹی کی دہشتگردیوں کا نوٹس لیا جائے،ان کے خلاف کاروائی کی جائے نام نہاد پیپلزامن کمیٹی پر پابندی عائد کی جائے اور بلدیہ ٹاؤن میں تین بلوچ نوجوانوں کے قتل میں ملوث نام نہاد پیپلزامن کمیٹی کے دہشت گردوں کو گرفتار کرکے سخت ترین سزادی جائے۔

## رمضان المبارک سے قبل اشیائے خوردونوش مصنوعی قلت اور قیمتوں میں بے پناہ اضافہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے،ارکان سندھ اسمبلی

### ناجائز منافع کمانے والوں کے خلاف آئین وقانون کے مطابق سخت سے سخت ترین کارروائی کی جائے

کراچی۔۔۔16،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ رمضان المبارک سے قبل ہی اشیائے خوردونوش کی مصنوعی قلت اور قیمتوں میں بے پناہ اضافے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور ذخیرہ اندوزی کرکے ناجائز منافع کمانے والوں کے خلاف بلاتفریق کارروائی عمل میں لائی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کی

آمد سے قبل ہی ناجائز منافع خور سرگرم ہوجاتے ہیں اوراشیائے خوردونوش کی ذخیرہ اندوزی کرکے روزمرہ استعمال کی اشیاءعوام کی قوت خرید سے دورکردیتے ہیں جس کے باعث غریب عوام رمضان کے مبارک مہینے میں بھی رعایتی اشیاء سے محروم رہتے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ماضی میں رمضان المبارک سے قبل ایسے عناصر کے خلاف زبانی اور کاغذی کارروائی کی جاتی رہی ہے اوران کا محاسبہ نہیں کیا گیا یہی وجہ ہے کہ اس مرتبہ بھی رمضان کے مبارک مہینے میں اشیائے خوردونوش یا تو غریب عوام کی قوت خرید سے باہر ہے یا وہ ذخیرہ اندوزی کے باعث مارکیٹ سے ہی غائب کردی گئی ہے ۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹرعشرت العباداوروزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ رمضان المبارک سے قبل اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں اضافے اور مصنوعی قلت پیدا کرنے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور ناجائز منافع کمانے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت سے سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے ۔

## ایم کیوایم کے کارکن عبدالرشید کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔16، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 1 کے کارکن عبدالرشید کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔( آمین )

## عبدالرشید کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔16، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 1 کے کارکن عبدالرشید کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔

☆☆☆☆☆